شبیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: 15واں مائل اسٹون، نیشنل ہائی وے، لانڈھی،
کراچی-75120 فون: 13-38183610 (021)

بیلٹ پیپر

شبیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ کا ۴۵واں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ بروز پیر ۲۳ اکتوبر ۲۰۲۳ء صبح ۱۰:۳۰ بجے بمقام انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ایونیو، بلاک۔ ۸، کلفٹن (نزد تین تلوار) کراچی میں خصوصی کارروائی کیلئے پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ/ پول کیلئے بیلٹ پیپر۔

فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	
شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
موجودہ شیئرز کی تعداد	
سی این آئی سی/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے)	
اضافی معلومات اور منسلک دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)	
دستخط کنندہ کا نام	
سی این آئی سی/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کریں)	

سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کا آئٹم نمبر ۳

درج ذیل قرارداد پر بطور عمومی قرارداد غور وخوض اور دُرست پانے کی صورت میں کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کے ممبران کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے ارسال کرنے کے بجائے QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کی منظوری دینا جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے جاری کردہ اس کے نوٹیفکیشن ایس آر او ۳۸۹(۱)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے تحت لازمی قرار دیا گیا ہے۔

قرارداد

''**قرار پایا کہ** کمپنی کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ اس کے نوٹیفکیشن ایس آر او ۳۸۹(۱)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے تحت QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کیے جائیں۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا وہ مجاز ہیں کہ انفرادی طور پر تمام اقدامات، معاہدے اور کارروائیاں انجام دیں یا ایسے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائیں جو تمام قانونی کارروائیوں اور دیگر شرائط کو پورا کرنے کیلئے لازم ہوں اور تمام ضروری دستاویزات داخل کریں جو اس قرارداد پر عملدرآمد کے مقاصد کیلئے لازم ہوں یا ان کی اتفاقی طور پر ضرورت پڑے۔''

پول کے لئے ہدایات

۱۔ براہِ مہربانی متعلقہ خانے میں ٹک کے نشان (✓) کے ذریعے اپنے ووٹ کو واضح کریں۔

۲۔ دونوں خانوں کو ٹک کے نشان شدہ (✓) کرنے کی صورت میں آپ کا ووٹ ''**مسترد شدہ**'' تصور کیا جائے گا۔

میں/ہم بیلٹ کے ذریعے مذکورہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا/ ہمارا ووٹ استعمال کرتے ہوئے درج ذیل مناسب خانے میں ٹک کے نشان (✓) لگا کر اس قرارداد کیلئے اپنی/ ہماری رضامندی یا غیر رضامندی ظاہر کر رہے ہیں۔

قرارداد	میں/ہم قرارداد پر رضامند ہیں (FOR)	میں/ہم قرارداد پر اختلاف ہیں (AGAINST)
ایجنڈا آئٹم نمبر ۳ کیلئے قرارداد		

ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے لئے طریقہ کار

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ اور ایس آر او ۲۱۹۲(۱) ۲۰۲۲ مورخہ ۵ دسمبر ۲۰۲۲ء کے تحت مشتہرہ اس کی ترامیم کے مطابق ممبران کو اجازت دی جائے گی کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں خصوصی کارروائی کے لئے ووٹ کے سلسلے میں مذکورہ ضوابط میں درج شرائط کے مطابق اپنا حق استعمال کریں، کمپنی اپنے ممبران کو ووٹنگ کیلئے درج ذیل آپشنز فراہم کرے گی:

i) ای۔ووٹنگ کا طریقہ کار

اے۔ وہ ممبران جو ای۔ووٹنگ کے ذریعے اپنا ووٹ کا حق استعمال کرنا چاہتے ہیں ان کو corporate@stile.com.pk پر ''ای۔ووٹنگ ریکوئسٹ'' کے عنوان سے ایک ای میل ارسال کیا جائے گا اور ان کو اپنے سی این آئی سی نمبر، موبائل فون نمبر زاور ای میل ایڈریس ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۳ء تک یا اس سے قبل فراہم کرنا ہوں گے۔ ای۔ووٹنگ سہولت کی تفصیلات ممبران کو ایک ای میل کے ذریعے فراہم کر دی جائیں گی۔

بی۔ ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ ممبران کو بذریعہ ای میل فراہم کر دیا جائے گا، سیکیورٹی کوڈز کے بارے میں ممبران کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل ایس ایم ایس کے ذریعے آگاہ کر دیا جائے گا۔

سی۔ ای۔ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے کے خواہشمند ممبران کی شناخت کی توثیق لاگ اِن کیلئے شناخت کے الیکٹرونک دستخط کے ذریعے کی جائے گی۔

ڈی۔ ای۔ووٹنگ لائنز کا آغاز ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۳ء کو صبح ۹:۳۰ بجے کیا جائے گا اور یہ ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۳ء کو شام ۵:۰۰ بجے بند کر دی جائیں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنے ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک قرارداد کیلئے کسی بھی ممبر کی جانب سے ایک بار ووٹ کاسٹ کیے جانے کے بعد اسے اس میں تبدیلی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

ii) پوسٹل بیلٹ

ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا اختیار استعمال کر سکتے ہیں، ممبران کو اس کیلئے باقاعدہ پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بشمول کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی اجلاس کے چیئرمین کو بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے، شبیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ، ۱۵واں مائل اسٹون، نیشنل ہائی وے، لانڈھی، کراچی۔ ۷۵۱۲۰ یا بذریعہ ای میل بعنوان ''ووٹنگ بذریعہ پوسٹل بیلٹ'' سالانہ اجلاسِ عام سے ایک دن قبل یعنی ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۳ء سے پہلے دفتری اوقاتِ کار میں corporate@stile.com.pk پر ارسال کرنا ہوگا۔ پوسٹل بیلٹ پیپر اخبارات میں شائع کر دیا جائے گا اور اسے اجلاس سے کم از کم سات (۷) دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ www.stile.com.pk پر بھی فراہم کر دیا جائے گا۔

پوسٹل بیلٹ کا طریقہ کار

۱۔ باقاعدہ پُر شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین شبیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ، ۱۵واں مائل اسٹون، نیشنل ہائی وے، لانڈھی، کراچی۔ ۷۵۱۲۰ کو ارسال کر دیئے جائیں۔ بنام کمپنی سیکریٹری، نامزد کردہ ای میل ایڈریس corporate@stile.com.pk

۲۔ سی این آئی سی/ پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔

۳۔ بیلٹ پیپر چیئرمین کو ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۳ء تک یا اس سے قبل اوقاتِ کار کے دوران پہنچ جائیں۔ اس تاریخ کے بعد موصولہ کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کیلئے قابل غور نہ ہوگا۔

۴۔ بیلٹ پیپر پر دستخط سی این آئی سی/ پاسپورٹ پر موجود دستخط اور کمپنی کے ممبران کے پاس موجود دستخطوں سے مماثل ہونے چاہئیں۔

۵۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غیر واضح، کٹے پھٹے، اوور رائٹنگ کے حامل پول پیپر مسترد کر دیئے جائیں گے۔

۶۔ کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ لازماً مجاز شخص کے سی این آئی سی کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ اختیارات کے لیٹر وغیرہ کی مصدقہ نقول وغیرہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشنز ۱۳۸ یا ۱۳۹ کے مطابق منسلک ہوں جیسا کہ نافذ العمل ہے۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.stile.com.pk پر بھی دستیاب ہیں۔

۷۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبار میں شائع شدہ اشتہار کی فوٹو کاپی/ یا اصل استعمال کر سکتے ہیں۔

شیئر ہولڈر / پراکسی ہولڈر کے دستخط

(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں براہِ مہربانی کمپنی کی اسٹمپ چسپاں کریں)

تاریخ _____